## سوال

(361) مرنے کے بعد شوہر اپنی بیوی کو دیکھ سکتا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم کچھ لوگوں سے سنتے ہیں جو کہتے ہیں کہ وفات ہو جانے کے بعد بیوی اپنے شوہر کے لیے حرام ہو جاتی ہے، شوہر کو اجازت نہیں کہ وہ مرنے کے بعد اسے دیکھ سکے اور نہ وہ اسے قبر ہی میں اتار سکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شرعی دلائل ثابت کرتے ہیں کہ بیوی کے لیے اس میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ وہ اپنے فوت ہونے والے شوہر کو غسل دے سکتی ہے اور اسے دیکھ بھی سکتی ہے۔ اور اسی طرح شوہر کے لیے بھی جائز ہے کہ وہ اپنی فوت شدہ بیوی کو غسل دے سکتا ہے اور دیکھ سکتا ہے۔ سیدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو غسل دیا تھا۔ (البدایة والنهایة: 319/7) حتیٰ کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے وصیت کی تھی کہ انہیں ان کے شوہر حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی غسل دیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 304

### محدث فتویٰ